## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE ANTI-TERRORISM (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report to amend the Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024 [the Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2025] (Government Bill), referred to the Committee on 01st November, 2024.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| 3. | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 4. | Ms. Nosheen Iftikhar | Member |
| 5. | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 7. | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| 8. | Syed Rafiullah | Member |
| 9. | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| 10. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 11. | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12. | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| 13. | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| 14. | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| 15. | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| 16. | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| 17. | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| 18. | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotics Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at '**Annexure-A**', in its meeting held on 05-08-2025, and proposed the following amendments therein. -

### Amendment of in clause 2

In clause 2, for paragraphs (b) and (c), the following shall be substituted, namely:-

"(b) in sub-section (2), for the proviso, the following shall be substituted, namely:-

"Provided that where the detention order has been issued by the armed forces or civil armed forces under sub-section (1), the inquiry shall be conducted by the JIT comprising of a police officer not below the rank of Superintendent of Police, Intelligence agencies, civil armed forces, armed forces and other law enforcing agencies."; and

(c) for sub-section (2A), the following shall be substituted, namely:-

"(2A) The provisions of sub-sections (l) and (2) shall remain in force for a period of three years from the commencement of the Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2025 (    of 2025).".

4. The Committee recommended that the Bill as reported by the Standing Committee placed at '**Annexure-'B'**, may be passed by the Assembly.

Sd/-
**(Tahir Hussain)**
Secretary General
*Islamabad, the 08, August, 2025*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

# [ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A
Bill

*further to amend the Anti-terrorism Act, 1997*

WHEREAS it is expedient further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 (XXVII of 1997), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 11EEEE, Act XXVII of 1997.-** In the Anti-Terrorism Act, 1997,(XXVII), in section 11EEEE,-

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Government or, where the provisions of section 4 have been invoked, the armed forces or civil armed forces, as the case may be, subject to the specific or general order of the Government in this regard, for a period not exceeding three months and after recording reasons thereof, issue order for the preventive detention of any person who has been concerned in any offence under this Act relating to the security or defence of Pakistan or any part thereof, or public order relating to target killing, kidnapping for ransom, and extortion, bhatta, or the maintenance of supplies or services, or against whom a reasonable complaint has been made or credible information has been received, or a reasonable suspicion exists of his having been so concerned, for purpose of inquiry:

Provided that the detention of such person, including detention for further period after three months, shall be subject to the provision of Article 10 of the Constitution.";

(b) in sub-section (2), for the full stop, at the end, a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely :-

"Provided that where the detention order has been issued by the armed forces or civil armed forces under sub-section (1), the inquiry shall be conducted by the JIT comprising of a police officer not below the rank of Superintendent of Police, Intelligence agencies, civil armed forces, armed forces and other law enforcing agencies."; and

(c) after sub-section (2), amended as aforesaid, the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(2A) The provisions of subsection (1) and (2) shall remain in force for a period of two years from the commencement of the Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2024 ( of 2024).".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Section 11EEEE of the Anti-Terrorism Act, 1997 was amended in 2014, providing the Government and authorized Armed Forces / Civil Armed Forces with the authority to conduct preventive detention of individuals suspected of involvement in terrorism-related activities. This provision was designed to empower law enforcement agencies to pre-emptively address security threats by detaining suspects for a period not exceeding three months, thereby allowing for thorough inquiries and preventing potential terrorist acts. However, this amendment was subject to a sunset clause, limiting its validity to a period of two years, which was expired in 2016.

2. Further, the current security situation requires a robust response that goes beyond the existing legal framework. The erstwhile amendments of Section 11EEEE of the Act ibid. are required to be re-inserted to empower the Government, Armed Forces, and Civil Armed Forces with the necessary authority to detain individuals who pose a significant threat to national security. This provision would allow for the preventive detention of suspects based on credible information or reasonable suspicion, thereby disrupting terrorist plots before they can be executed. This will also provide Law Enforcement Agencies with the legal backing to conduct more effective operations against terrorism. It would facilitate the use of Joint Interrogation Teams (JITs), composed of members from various law enforcement and intelligence agencies, to conduct comprehensive inquiries and gather actionable intelligence

3. The Bill seeks to achieve the above-said objectives.

(Syed Mohsin Raza Naqvi)
Minister for Interior

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**Bill**

*further to amend the Anti-terrorism Act, 1997*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 (XXVII of 1997), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**_ (1) This Act shall be called the Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 11EEEE, Act XXVII of 1997.**_ In the Anti-Terrorism Act, 1997, (XXVII), in section 11EEEE,_

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely;-

"(1) The Government or, where the provisions of section 4 have been invoked, the armed forces or civil armed forces, as the case may be, subject to the specific or general order of the Government in this regard, for a period not exceeding three months and after recording reasons thereof, issue order for the preventative detention of any person who has been concerned in any offence under this Act relating to the security or defence of Pakistan or any part thereof, or public order relating to target killing, kidnapping for ransom, and extortion, bhatta, or the maintenance of supplies or services, or against whom a reasonable complaint has been made or credible information has been received, or a reasonable suspicion exists of his having been so concerned, for purpose of inquiry:

Provided that the detention of such person, including detention for a further period after three months, shall be subject to the provision of Article 10 of the Constitution.";

(b) in sub-section (2), for the proviso, the following shall be substituted, namely:-

"Provided that where the detention order has been issued by the armed forces or civil armed forces under sub-section (1), the inquiry shall be conducted by the JIT comprising of a police officer not below the rank of Superintendent of Police, Intelligence agencies, civil armed forces, armed forces, and other law enforcing agencies."; and

(c) for sub-section (2A), the following shall be substituted, namely: -

"(2A) The provisions of sub-sections (l) and (2) shall remain in force for a period of three years from the commencement of the Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2025 (    of 2025).".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Section 11EEEE of the Anti-Terrorism Act, 1997 was amended in 2014, providing the Govemment and authorized Armed Forces / Civil Armed Forees with the authority to conduct preventive detention of individuals suspected of involvement in terrorism-related activities. This provision was designed to empower law enforcement agencies to pre-emptively address security threats by detaining suspects for a period not exceeding three months. thereby allowing for thorough inquiries ard preventing potential terrorist acts. However, this amendment was subject to a sunset clause, limiting its validity to a period of two years, which was expired in 2016.

2. Further, the current security situation requires a robust response that goes beyond the existing legal framework. The erstwhile amendments of Section 11EEEE: of the Act ibid, are requied to be re-inserted to empower the Govemment, Armed Forces, and Civil Armed Forces with the necessary authority to detain individuals who pose a significant threat to national security. This provision would allow for the preventive detention of suspects based on credible information or reasonable suspicion, thereby disrupting terrorist plots before they can be executed. This will also provide Law Enforcement Agencies with the legal backing to conduct more effective operations against terrorism. It would facilitate the use of Joint Interrogation Teams (JITs), composed of members from various law enforcement and intelligence agencies, to conduct comprehensive inquiries and gather actionable intelligence.

3. The Bill seeks to achieve the above-said objectives.

Sd/-
**(SYED MOHSIN RAZA NAQVI)**
Minister for interior

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، یکم نومبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحق | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۴۔ | جناب حسین الہی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۸۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۵/اگست، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں 'ضمیمہ۔الف' پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

### شق ۲ میں ترمیم

شق ۲ میں، پیرا (ب) اور (ج) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں جملہ شرطیہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر ذیلی دفعہ (۱) کے تحت حراست کا حکم مسلح افواج یا سول مسلح افواج کی جانب سے جاری کیا جائے، تو تفتیش مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے ذریعے کی جائے گی جو پولیس افسر، جو کہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کے درجہ سے کم کا نہ ہو، خفیہ ایجنسیوں، سول مسلح افواج، مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں پر مشتمل ہو گی؛۔ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۲/الف) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲/الف) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی تصریحات انسداد دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء (۔۔۔ بابت ۲۰۲۵ء) کے آغاز نفاذ سے تین سال کی مدت کے لئے نافذ العمل رہیں گی۔

۴۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں 'ضمیمہ۔ب' پر موجود بل کی منظوری دے۔

**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل

**(راجہ خرم شہزاد نواز)**
چیئرمین

اسلام آباد، ۔۔۔ اگست، ۲۰۲۵ء

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرینِ مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۷ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ**۔ (۱) ایکٹ ہذا انسدادِ دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۷ بابت ۱۹۹۷ء کی دفعہ ۱۱ءءءء میں ترمیم**۔ انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۷) کی دفعہ ۱۱ءءءء میں۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کو حسبِ ذیل سے تبدیل کیا جائے گا، یعنی:-

"(۱) حکومت یا، جہاں دفعہ ۴ کے احکامات کا اطلاق کیا گیا ہو، مسلح افواج یا سول آرمڈ فورسز، جو بھی صورت ہو، اس ضمن میں حکومت کے کسی مخصوص یا عمومی حکم کے تابع، تین ماہ سے غیر متجاوز مدت کے لیے اور اس کی وجوہات قلمبند کرنے کے بعد، کسی بھی ایسے شخص کی حفاظتی حراست کا حکم جاری کر سکتی ہے جو تفتیش کی غرض سے اس ایکٹ کے تحت کسی ایسے جرم میں ملوث رہا ہو جس کا تعلق پاکستان یا اس کے کسی حصے کی سلامتی یا دفاع، یا امنِ عامہ، جس کا تعلق (ٹارگٹ کلنگ)، اغوا برائے تاوان، اور بھتہ خوری سے ہو، یا رسد یا خدمات کی برقراری سے ہو، یا جس کے خلاف کوئی معقول شکایت کی گئی ہو یا معتبر اطلاع موصول ہوئی ہو، یا اس کے اس طرح ملوث ہونے کا کوئی معقول شبہ موجود ہو:

مگر شرط یہ ہے ایسے شخص کی حراست، بشمول تین ماہ کے بعد مزید مدت کے لیے حراست، دستور کے آرٹیکل ۱۰ کی تصریحات کے تابع ہوگی۔؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو وقف شرحہ سے تبدیل کیا جائے گا اور مابعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ یعنی:-

"مگر شرط یہ ہے کہ جہاں حراستی حکم ذیلی دفعہ (۱) کے تحت مسلح افواج یا سول آرمڈ فورسز نے جاری کیا ہو، وہاں تفتیش ایک مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کرے گی جو ایک پولیس افسر جس کا درجہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سے کم نہ ہو، خفیہ ایجنسیوں، سول آرمڈ فورسز، مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں پر مشتمل ہوگی"؛

اور

(ج) مذکورہ بالا ترمیم شدہ ذیلی دفعہ (۲) کے بعد، حسبِ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی، یعنی:-

"(۲/الف) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی تصریحات، انسدادِ دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء (بابت ۲۰۲۴ء) کے آغاز نفاذ سے دو سال کی مدت کے لیے نافذ العمل رہیں گی۔"۔

## بیان اغراض ووجوہ

انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء کی دفعہ ااہہہہ میں سال ۲۰۱۴ء میں ترمیم کی گئی تھی، جس کے تحت حکومت اور بااختیار مسلح افواج/سول آرمڈ فورسز کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ دہشت گردی سے متعلق سرگرمیوں میں ملوث مشتبہ افراد کی حفاظتی حراست عمل میں لا سکیں۔ اس دفعہ کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس قابل بنانا تھا کہ وہ مشتبہ افراد کو تین ماہ سے تجاوز نہ کرنے والی مدت کے لیے حراست میں لے کر سیکیورٹی خطرات سے پیشگی نمٹ سکیں، تاکہ جامع تحقیقات کی جا سکیں اور دہشت گردی کی ممکنہ کارروائیوں کے امکان کو روکا جا سکے۔ تاہم، یہ ترمیم ایک میعادی شق (sunset clause) کے تابع تھی، جو اس کے نفاذ کو دو سال کی مدت تک محدود کرتی تھی، اور یہ مدت سال ۲۰۱۶ء میں ختم ہو گئی۔

۲۔ مزید برآں، موجودہ سیکیورٹی صورتحال ایک ایسے مؤثر ردعمل کا تقاضا کرتی ہے جو موجودہ قانونی ڈھانچے سے بڑھ کر ہو۔ ایکٹ کی دفعہ ااہہہہ کی سابقہ ترامیم کو دوبارہ شامل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ حکومت، مسلح افواج اور سول آرمڈ فورسز کو قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بننے والے افراد کو حراست میں لینے کے ضروری اختیارات دیے جا سکیں۔ یہ دفعہ معتبر معلومات یا معقول شبہ کی بنیاد پر مشتبہ افراد کی حفاظتی حراست کی اجازت دے گی، جس سے دہشت گردانہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے ہی ناکام بنایا جا سکے گا۔ اس سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردی کے خلاف مزید مؤثر کارروائیاں کرنے کے لیے قانونی جواز بھی فراہم ہو گا۔ یہ مختلف قانون نافذ کرنے والے اور خفیہ اداروں کے اراکین پر مشتمل مشترکہ تحقیقاتی ٹیموں (JITs) کے استعمال کو بھی آسان بنائے گا تاکہ جامع تحقیقات کی جا سکیں اور قابلِ عمل خفیہ معلومات اکٹھی کی جا سکیں۔

یہ بل متذکرہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے ہے۔

دستخط/۔

**(سید محسن رضا نقوی)**

**وزیرِ داخلہ**

منسلکہ-ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرینِ مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۷ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:—

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ**.— (۱) ایکٹ ہذا انسدادِ دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۷ بابت ۱۹۹۷ء کی دفعہ ۱۱ء ء ء ء میں ترمیم**.— انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۲۷) کی دفعہ ۱۱ء ء ء ء میں—

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کو حسبِ ذیل سے تبدیل کیا جائے گا، یعنی:—

"(۱) حکومت یا، جہاں دفعہ ۴ کے احکامات کا اطلاق کیا گیا ہو، مسلح افواج یا سول آرمڈ فورسز، جو بھی صورت ہو، اس ضمن میں حکومت کے کسی مخصوص یا عمومی حکم کے تابع، تین ماہ سے غیر متجاوز مدت کے لیے اور اس کی وجوہات قلمبند کرنے کے بعد، کسی بھی ایسے شخص کی حفاظتی حراست کا حکم جاری کر سکتی ہے جو تفتیش کی غرض سے اس ایکٹ کے تحت کسی ایسے جرم میں ملوث رہا ہو جس کا تعلق پاکستان یا اس کے کسی حصے کی سلامتی یا دفاع، یا امنِ عامہ، جس کا تعلق (ٹارگٹ کلنگ)، اغوا برائے تاوان، اور بھتہ خوری سے ہو، یا رسد یا خدمات کی برقراری سے ہو، یا جس کے خلاف کوئی معقول شکایت کی گئی ہو یا معتبر اطلاع موصول ہوئی ہو، یا اس کے اس طرح ملوث ہونے کا کوئی معقول شبہ موجود ہو:

مگر شرط یہ ہے ایسے شخص کی حراست، بشمول تین ماہ کے بعد مزید مدت کے لیے حراست، دستور کے آرٹیکل ۱۰ کی تصریحات کے تابع ہو گی۔؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں جملہ شرطیہ کو حسبِ ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر ذیلی دفعہ (۱) کے تحت حراست کا حکم مسلح افواج یا سول مسلح افواج کی جانب سے جاری کیا جائے، تو تفتیش مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے ذریعے کی جائے گی جو پولیس افسر، جو کہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کے درجہ سے کم کا نہ ہو، خفیہ ایجنسیوں، سول مسلح افواج، مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں پر مشتمل ہو گی۔"؛ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۲/الف) کو حسبِ ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲/الف) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی تصریحات انسداد دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء (۔۔۔ بابت ۲۰۲۵ء) کے آغاز نفاذ سے تین سال کی مدت کے لئے نافذ العمل رہیں گی۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

انسدادِ دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ء کی دفعہ ۱۱ءءءء میں سال ۲۰۱۴ء میں ترمیم کی گئی تھی، جس کے تحت حکومت اور بااختیار مسلح افواج/سول آرمڈ فورسز کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ دہشت گردی سے متعلق سرگرمیوں میں ملوث مشتبہ افراد کی حفاظتی حراست عمل میں لا سکیں۔ اس دفعہ کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس قابل بنانا تھا کہ وہ مشتبہ افراد کو تین ماہ سے تجاوز نہ کرنے والی مدت کے لیے حراست میں لے کر سیکیورٹی خطرات سے پیشگی نمٹ سکیں، تاکہ جامع تحقیقات کی جا سکیں اور دہشت گردی کی ممکنہ کارروائیوں کے امکان کو روکا جا سکے۔ تاہم، یہ ترمیم ایک میعادی شق (sunset clause) کے تابع تھی، جو اس کے نفاذ کو دو سال کی مدت تک محدود کرتی تھی، اور یہ مدت سال ۲۰۱۶ء میں ختم ہو گئی۔

۲۔ مزید برآں، موجودہ سیکیورٹی صورتحال ایک ایسے مؤثر ردعمل کا تقاضا کرتی ہے جو موجودہ قانونی ڈھانچے سے بڑھ کر ہو۔ ایکٹ کی دفعہ ۱۱ءءءء کی سابقہ ترامیم کو دوبارہ شامل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ حکومت، مسلح افواج اور سول آرمڈ فورسز کو قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بننے والے افراد کو حراست میں لینے کے ضروری اختیارات دیے جا سکیں۔ یہ دفعہ معتبر معلومات یا معقول شبہ کی بنیاد پر مشتبہ افراد کی حفاظتی حراست کی اجازت دے گی، جس سے دہشت گردانہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے ہی ناکام بنایا جا سکے گا۔ اس سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردی کے خلاف مزید مؤثر کارروائیاں کرنے کے لیے قانونی جواز بھی فراہم ہو گا۔ یہ مختلف قانون نافذ کرنے والے اور خفیہ اداروں کے اراکین پر مشتمل مشترکہ تحقیقاتی ٹیموں (JITs) کے استعمال کو بھی آسان بنائے گا تاکہ جامع تحقیقات کی جا سکیں اور قابل عمل خفیہ معلومات اکٹھی کی جا سکیں۔

یہ بل متذکرہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے ہے۔

دستخط/-

**(سید محسن رضا نقوی)**

**وزیر داخلہ**